سعودی عرب کے شہر مدینہ میں بھارتی شہریوں کے ساتھ پیش آئے المناک حادثے کے بعد بھارت کی ایک اعلیٰ سطحی سرکاری وفد کا دورہ

18 نومبر، 2025

بھارتی حکومت سعودی عرب کے شہر مدینہ کے قریب 17 نومبر، 2025 کو بھارتی زائرین کے ساتھ پیش آنے والے المناک حادثے پر گہرے رنج و غم اور افسوس کا اظہار کرتی ہے. ہم سوگوار خاندانوں سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہیں اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کے لیے دعاگو ہیں.

2. سعودی حکام، بشمول وزارتِ حج و عمرہ، کے ساتھ ہم آہنگی میں ہر ممکن مدد فراہم کرنے اور امدادی اقدامات کی نگرانی کے لیے حکومتِ ہند کا ایک اعلیٰ سطحی وفد آندھر پردیش کے گورنر جسٹس ایس عبد النذیرکی قیادت میں کل سعودی عرب کا دورہ کرے گا. ان کے ہمراہ وزارتِ خارجہ کے سکریٹری (سی پی وی اور او آئی اے)، جناب ارون کمار چٹرجی بھی ہوں گے. وفد سے یہ بھی توقع ہے کہ وہ مرحومین کی آخری رسومات میں شرکت کریں گے.

3. سعودی حکام کے ساتھ قریبی تعاون میں بھارت کا سفارتخانہ ریاض اور قونصل خانہ جدہ، جاں بحق افراد کی شناخت کے عمل کو تیز کرنے کے لیے بھرپور کوشش کر رہے ہیں. بھارتی حکومت مرحومین کے اہلِ خانہ کے سعودی عرب کے سفر میں بھی سہولت فراہم کر رہی ہے. بھارتی حکومت اس سانحے سے متاثر ہونے والے بھارتی شہریوں کی مکمل مدد کے لیے پُرعزم ہے اور تیز، مؤثر اور بھرپور معاونت یقینی بنانے کے لیے سرگرم ہے.

نئی دہلی
18 نومبر 2025